09/02/2026

07.40 PM

**ہیڈ لائنز**

*........ وزیر اعظم نریندر مودی کی پریکشا پے چرچا کے نوویں پروگرام کے دوران طلباءسے گفتگو // طلباءسے چھوٹے اسٹارٹ اپ اداروں سے منسلک ہونے کی تلقین ۔

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر کو دہشت پسندی اور منشیات سے پاک کرنے کا دہرایا عزم ۔

*........ حکومت جموں کشمیر کے ہر ایک گاو

---

ں میں بجلی کی معیاری سہولیات بہم رکھنے کی وعدہ بند // وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ۔ؒ

اور

*........ جموں کشمیر کی کرکٹ ٹیم 67 برس کے عرصے میں پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی کے سیمی فائل میں داخل ۔

**پریکشا پے چرچا**

وزیر اعظم نریندر مودی نے ”پریکشا پے چرچا کے 9ویں پروگرام کے دوران طلبا سے گفتگو میں وزیر اعظم نے طلبا کو بتایا کہ امتحانات Episodeکی۔ آج جاری کئے گئے دوسرے ویڈیو کے دوران ذہنی تناو

---

اور پریشانی پر کس طرح عبور حاصل کیا جائے۔ انہوں نے طلبا کی اس بات کیلئے حوصلہ ؒ افزائی کی کہ وہ چھوٹے اسٹارٹ آپ اداروں کے ساتھ اپنے کاروباری سفر کا آغاز کریں۔ انہوں نے کہا کہ اکثر و بیشتر بڑے خیالات معمولی شروعات سے پنپتے ہیں۔

نریندر مودی نے طلبا کو مشورہ دیا کہ وہ یہ سمجھنے کیلئے صنعتی پیشہ ور افراد سے رابطہ قائم کریں کہ Real World سسٹم کس طرح کام کرتے ہیں اور ساتھ ہی نصابی کتابوں سے آگے بڑھ کر عملی طور پر واقفیت حاصل کریں۔

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر پولیس کو ہدایت دی ہے کہ وہ دہشت پسندی کے خلاف فیصلہ کُن کاروائی کریں اور دہشت پسندی کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لئے سماج کے ہر ایک فرد کے ساتھ اشتراک کریں ۔ جموں میں دس سال کے بعد منعقد ہو رہے جے اینڈ کے Martyrs پولیس ہاکی ٹورنامنٹ کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ

جموں کشمیر پولیس کے اہلکاروں نے قوم کے لئے بے مثال قربانیاں دیں ، جس کے لئے انہوں نے قومی سطح پر پذیرائی حاصل کی ۔ انہوں نے مختلف پروگراموں کے ذریعے سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے جموں کشمیر پولیس کی تعریف کی ۔ ایل جی نے سماج کے ہر ایک طبقے کو منشیات کے خلاف اٹھ کھڑا ہونے کی تلقین کی ۔

تقریب پر جموں کشمیر کے ڈی جی پی نلن پربھات اور پولیس کے کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

<u>ایل جی ملاقات</u>

امر سنگھ سپورٹس اینڈ یوتھ Initiative کے ڈائریکٹر مارتند سنگھ نے آج لوک بھون جموں میں ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور کھیل سرگرمیوں کو فروغ دینے سے متعلق کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی ۔

<u>لوک سبھا</u>

اپوزیشن ارکان کے شوروغل کے بعد لوک سبھا کی کارروائی کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کر دی گئی ہے۔ پہلی بار ملتوی ہونے کے بعد جب دن میں 12 بجے کارروائی پھر شروع ہوئی تو متعلقہ وزیروں نے اپنے اپنے محکموں کے دستاویزات ایوان میں پیش کئے۔ اس کے بعد صدر نشیں نے مرکزی بجٹ 2026-27 پر عام بحث کرانے کی کوشش کی، لیکن اپوزیشن ارکان نے ایوان کی کارروائی میں رخنہ ڈالتے ہوئے اپنا احتجاج جاری رکھا جس کے بعد صدر نشیں نے ایوان کی کارروائی پہلے دو بجے تک اور بعد ازاں پورے دن کیلئے ملتوی کر دی ۔

<u>وزیر اعلیٰ اسمبلی</u>

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے ہر ایک کنبے کو بجلی کی بہتر سہولیات بہم رکھنے کے حکومت کے عزم کو دہرایا ہے ۔ قانون ساز اسمبلی میں آج ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دور افتادہ
گاو

---

ں دیہات میں لوگوں تک بجلی پہنچانے کا کام جاری ہے اور اس تعلق سے DPR تیار کئے جا رہے ہیں ۔

AAY زمرے سے تعلق رکھنے والے دریں اثناءایک ٹویٹ میں وزیر اعلیٰ نے جانکاری دی کہ نوویں سے بارہویں جماعت تک کے طلباءکو فیس کی چھوٹ دی جائے گی تاکہ مالی مشکلات کی وجہ سے کوئی بھی طالب علم سکولوں سے باہر نہ رہیں ۔

## اسمبلی

آج بھی قانون ساز اسمبلی میں ارکانِ قانون سازیہ میں عوامی نوعیت کے متعدد معاملات کو ابھا ر کر متعلقہ وزیروں سے جواب طلب کئے ۔ صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے میر محمد فیاض کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت جموں کشمیر کے سبھی بالخصوص دور افتادہ علاقوں میں طبی نگہداشت کے ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کی وعدہ بند ہے ۔

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے عبد المجید لارمی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے PHE ڈویژن قائم کرنے کا کوئی منصوبہ حکومت کے زیر غور نہیں جانکاری دی کہ اچھہ بل میں ہے ۔ اس موقعہ پر الطاف احمد کلو ، حسنین مسعودی اور میر سیف اللہ نے ضمنات ابھارے ۔

دریں اثناءوزیر موصوف نے نظام الدین بٹ کی طرف سے پوچھے گئے پیر زادہ محمد سید کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اننت ناگ ضلعے میں سیلاب کے مسلے پر قابو پانے کے لئے قلیل اور طویل مدتی اقدامات کر رہی ہے ۔ اس موقعہ پر الطاف احمد کلو نے ایک ضمنی سوال پوچھا ۔

Irrigation وزیر موصوف نے غلام محی الدین میر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ لِفٹ Re-Appraisal سکیم چکورہ پلوامہ کے باقی ماندہ مدوں پر ٹیکنیکل کا کام جاری ہے ۔

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے پون کمار گپتا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو جانکاری دی کہ جموں کشمیر کے سکولوں میں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لئے حکومت اساتذہ کی De-freeze اسامیوں کو کرنے پر غور کر رہی ہے ۔ آر ایس پٹھانیہ نے اس موقعہ پر ضمنی سوال پوچھا ۔

تنویر صادق کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہا کہ سرینگر اور جموں شہروں میں تعمیرات کھڑا کرنے کے لئے کلسٹر یونیورسٹی کو اراضی الاٹ کی گئی ہے ۔ اس موقعہ پر سیف الدین بٹ نے ضمنی سوال پوچھا ۔

وزیر موصوفہ نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے ارجن سنگھ راجو کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ رام بن حلقے کے بٹوٹ قصبے میں واٹر سپلائی سکیم کو تقویت بخشنے کا کام امرُت دوئم کے تحت جاری ہے ۔ سجاد شاہین نے اس دوران ضمنی سوال پوچھا ۔

## اسمبلی بحث

دریں اثناءقانون ساز اسمبلی میں آج بجٹ 2026-27 پر بحث دوبارہ شروع ہوئی اور مختلف ارکان نے بجٹ کے تعلق سے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا ۔ جن ارکان نے اس بحث میں حصہ لیا ، ان میں ڈاکٹر سجاد شفیع اوڈی ، الطاف احمد وانی ، بلونت سنگھ منکوٹیہ، ایم وائی تاریگامی ، شبیر احمد کُلے ، غلام احمد میر ، وحید الرحمان پرہ ، اروِند گپتا ، دلیپ سنگھ ، جاوید مِرچال ، پیرزادہ فیروز احمد ، وجے کمار ، افتخار احمد ، ڈاکٹر رمیشور سنگھ ، ظفر علی کٹھانہ ، موہن لال بھگت ، علی محمد ڈار اور شگون پریہار شامل ہیں ۔

**شوکت ردِ عمل**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی طرف سے اسمبلی میں پیش کئے گئے بجٹ کے حوالے سے سماجی اور سیاسی حلقوں نے ملے جُلے ردِ عمل کا اظہار کیا ۔ نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے بجٹ کی تعریف کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

**چیف سیکرٹری**

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے مالی شمولیت کو عام آدمی کو با اختیار بنانے کے لئے انتہائی اہم کے گاندھیائی اصول Antyodaya بذریعہ Sarvodaya قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مالی شمولیت پر مبنی ہے۔ جموں میں آج جموں و کشمیر اور لداخ کے لئے فائننا نشل لٹریسی ہفتہ کا افتتاح کرتے ہوئے اٹل ڈلو نے کہا کہ مالی شمولیت کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ پائیدار ترقی کے17 اہداف میں سے سات اہداف عام لوگوں کی با اختیاری اور مالی رسائی اور دیگر SEBI، PFRDA کے ساتھ براہ راست منسلک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آربی آئی ،نبارڈ، بینک لوگوں میں اقتصادی بیداری پیدا کرنے کے لئے مشترکہ طور کام کر رہے ہیں اور اب جموں و کشمیر رہے بورڈ نے بھی اپنے نصاب میں اقتصادی خواندی کو جگہ دے دی د ہے۔

پروگرام میں سیکرٹری محکمہ دیہی ترقی و پنچایتی راج رچنا شرما اور دیگر کئی اعلیٰ عہدیداروں نے بھی شرکت کی ۔

**کرائم برانچ**

جموں میں سائبر فراڈ کے ایک بڑے معاملے میں کرائم برانچ کے پولیس اسٹیشن سی آئی سی ای نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متاثرہ شہری کے تقریباً چالیس لاکھ روپے بچا لیے۔ ریٹائرڈ ایئر فورس افسر نے ’’ڈیجیٹل اریسٹ‘‘ کے نام پر ہونے والی آن لائن دھوکہ دہی کی شکایت درج کرائی تھی، جس میں اُن سے 52 لاکھ 90ہزار روپے ہتھیا لیے گئے تھے۔پولیس نے محض تین گھنٹوں میں مشتبہ بینک کھاتوں کا سراغ لگا کر رقم کو منجمد کر دیا۔ اس کارروائی میں مجموعی طور پر 39 لاکھ 90 ہزار روپے محفوظ کر لیے گئے۔

**پولیس**

پولیس نے اونتی پورہ میں غیر قانونی طور کانکنی میں ملوث تین موٹر بوٹس کو ضبط کیا نیز غیر قانونی طور ریت نکالنے کی دو ڈمپنگ سائٹس کو بارہمولہ میں بند کر دیا ۔

ایکٹ کے تحت ایک مجر م کو بیس سال کی سزا دلائی ہے POCSO اُدھر پولیس نے گاندربل میں
۔

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانات۔

**<u>بی جے پی</u>**

**بی جے پی جموں کشمیر کے سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کی سربراہی میں ایک پارٹی وفد نے آج گوگوچک بڈگام کا دورہ کر کے پارٹی کارکن جاوید احمد بٹ کے لواحقین کے ساتھ اظہار تعزیت کیا ۔**

**اُدھر پارٹی کی پردیش نائب صد ر پریا سیٹھی نے آج جموں میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر سروسز سلیکشن بورڈ نے جونئیر Pharmacist اسامیوں کی بھرتی کے لئے جو نصاب شائع کیا ہے اس میں کئی طرح کی غلطیاں ہیں ۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ جونئیر Pharmacist اسامیوں کی بھرتی Pharmacy کونسل آف انڈیا کے رہنما خطوط کے تحت عمل میں لائی جانی چاہئیں ۔**

**دریں اثناءپارٹی کے کشتواڑ یونٹ نے آج وکست بھارت جی رام جی سمیلن کا اہتمام کیا جس دوران پارٹی کے سٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ان کی سربراہی میں گورننس نظام میں تاریخی تبدیلیاں ہوئی ہیں ۔**

**<u>JDU</u>**

**جنتا دل یونائیٹیڈ جموں کشمیر کے صد ر جی ایم شاہین نے مرکزی وزیر زراعت سے اپیل کی ہے کہ وہ کسانوں کے KCC قرضہ جات معاف کر کے انہیں کمر توڑ قرضے سے راحت دلائیں ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پورے ملک خاص طور سے جموں کشمیر کے کسان زبردست مالی مسائل سے دو چار ہیں اورزرعی سیکٹر کی اہمیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مرکزی حکومت کو چاہئے کہ وہ کسانوں کے KCC قرضے معاف کریں تاکہ انہیں ذہنی پریشانی سے نجات مل سکے**

**<u>بریک</u>**

**یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**

**آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن AIR اور DTH پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ آپ خبر یں**

**ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔**

**<u>ڈائریکٹر سیریکلچر</u>**

**ڈائریکٹر سیریکلچر کشمیر اعجاز احمد بٹ نے آج وادی سے تعلق رکھنے والے کرم کشوں کے تیسرے بیچ کو پانچ روزہ تربیتی پروگرام کے طور ہماچل پردیش کے لئے روانہ کیا ۔ اس پروگرام کا انعقاد HADP کے تحت کرایا جا رہا ہے ۔**

## وزیر اعظم پیکیج

وزیر اعظم نریندر مودی نے Seychelles کیلئے 175 ملین ڈالر کے خصوصی اقتصادی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ Seychelles کے صدر کے ساتھ میٹنگ کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مذکورہ پیکیج سے سماجی ہاو سنگ، E-Mobility ، پیشہ وارانہ تربیت، صحت، دفاع اور بحری سیکورٹی کو تقویت ملے گی۔بھارت اور Seychelles نے مختلف شعبوں میں 7 مفاہمت ناموں پر دستخط بھی کئے ہیں۔

*........اب پیش ہے رانجی ٹرافی میں جموں کشمیر ٹیم کی فتح سے متعلق خبر ۔

## رانجی ٹرافی

جموں کشمیر کی ٹیم نے رانجی ٹرافی کے ایک کوارٹر فائنل میں مدھیہ پردیش ٹیم کو 56 رنوں سے شکست دی ہے ۔ یہ گزشتہ 67 برسوں میں پہلا موقعہ ہے جبجموں کشمیر کی ٹیم سیمی فائنل تک پہنچی ہے ۔

وادی کے ایک سابق بین الاقوامی کرکٹ کھلاڑی پرویز رسول نے اس جیت کو تاریخی قرار دیتے ہوئے جموں و کشمیر کے رانجی ٹیم کی ستائش کی ہے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

## وزیر اعلیٰ مبارک

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رانجی ٹرافی میں مدھیہ پردیش کرکٹ ٹیم کو ہرا کر سیمی فائنلز میں جگہ بنانے کے لئے جموں کشمیر کرکٹ ٹیم کو مبارک باد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے ٹیم کو 15 فروری سے شروع ہونے والے سیمی فائنل میچ کے لئے نیک خواہشات دی ہیں ۔

## ہماری ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک ڈرامہ نگار محمد حنیف شیخ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**<u>مطالبہ</u>**

**عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔**

**<u>Winter</u>**

**وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔**

**ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔**

**<u>ایوارڈ</u>**

**کشمیری زبان کے ایک شاعر ،قلمکار اور ترجمہ کار ساگر نذیر کو شانِ ورمل ایوارڈ کے لئے نامزد کیا ہے . یہ ایوارڈ انہیں کشمیری زبان و ادب کی بہترین خدمات کے لئے دیا جا رہا ہے . انہیں یہ ایوارڈ 14 فروری کو دیا جا رہا ہے .**

**<u>موسم</u>**

**محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برفباری ہونے کا امکان ہے .**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت10اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 1 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت22 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت10 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر21منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر09منٹ پر ہو گا۔**